# وقت شروع ہونے سے پہلے حنفی شخص کا شافعی امام کے پیچھے عصر کی نماز ادا کرنا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

ہم حنفی ہیں کیا میں شافعی کے پیچھے عصر کی نماز پڑھ سکتا ہوں کیونکہ ان کے نزدیک عصر کا وقت اول وقت ہے تو کیا ہماری نماز ان کے پیچھے ہو جائے گی شافعی کے نزدیک عصر کا وقت 3 بج کر 46 منٹ پر ہے اور حنفی کے نزدیک عصر کا وقت پانچ بج کر چھ منٹ پر شروع ہوتا ہے؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

احناف کے نزدیک جب عصر کا وقت شروع ہو گا تبھی حنفی عصر کی نماز ادا کر سکتا ہے، اس سے پہلے شافعی امام کے پیچھے بھی عصر کی نماز نہیں ادا کر سکتا۔

فتاوی فقیہ ملت میں ہے: "اگر شافعی وقتِ حنفی شروع ہونے کے بعد عصر ادا کرے تو حنفی کی نماز (دیگر شرائط کے ساتھ) اس کے پیچھے ہوگی، ورنہ نہیں۔" (فتاوی فقیہ ملت، جلد 1، صفحہ 145، شبیر برادرز لاہور ملخصا)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا عابد عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-2307

**تاریخ اجراء:** 16 ذوالقعدۃ الحرام 1446ھ/14 مئی 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net